**26.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کے لیے مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت نے خواتین پر مرکوز ایسی بہت سی اسکیموں اور پروگراموں کا آغاز کیا ہے، جن سے ہر طبقہ مستفید ہوا ہے۔

☆ بھارتی فضائیہ نے 6 دہائیوں تک ملک کی خدمت میں تعینات رہنے والے MIG-21 طیارے کو خیرباد کہا۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے 1971 میں بھارت-پاکستان جنگ کے دوران طیارے کے اہم رول کی ستائش کی۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں نیشنل جیو سائنس ایوارڈس عطا کیے۔

☆ اٹلی نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کی جلد تکمیل کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ اسرائیل کو مغربی کنارے کے ساتھ الحاق کی اجازت نہیں دیں گے۔

☆ اور ایشیا کپ کرکٹ میں آج شام آخری سُپر فور میچ میں بھارت اور سری لنکا آمنے سامنے ہوں گے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-Bihar Yojna**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ اُن کی حکومت نے ایسی بہت سی اسکیمیں اور پروگراموں کا آغاز کیا ہے، جن میں خواتین کو اہم ترین مقام حاصل ہے، جن سے سماج کے ہر طبقے کو فائدہ ہوا ہے۔ بہار کیلئے مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کے آغاز کے موقع پر ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ وزیراعظم نے کہا کہ مرکز اور بہار میں وزیراعلیٰ نتیش کمار سرکار کی ڈبل انجن والی حکومت، خواتین کی بہبود کیلئے مل کر کام کررہی ہے۔

**1400 PM On Mukhya Mantri Mahila Yojna**

وزیراعظم نے اعلان کیا کہ اس اسکیم کے تحت 75 لاکھ سے زیادہ خواتین کیلئے 10-10 ہزار روپے کی رقم، اُن کے بینک کھاتوں میں براہ راست منتقل کی گئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس کی بنیاد 11 سال پہلے پردھان منتری جن دھن یوجنا کے ذریعہ ڈالی گئی تھی، جس کے سبب خواتین کیلئے لاکھوں بینک کھاتے کھولے گئے تھے۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ یہ امدادی رقم خواتین کے کھاتوں میں بغیر کسی بدعنوانی کے، راست منتقل کی جارہی ہے۔

**1400- PM- Jandhan Yojna**

مکھیہ منتری مہیلاروزگار یوجنا کو نوراتری کا ایک تحفہ قرار دیتے ہوئے وزیراعظم نے اعتماد ظاہر کیا کہ ڈبل انجن والی سرکار کی کوششوں سے بہار میں لکھ پتی دیدیوں کی تعداد سب سے زیادہ ہوگی۔

انہوں نے کہا کہ مرکز نے خواتین کیلئے روزگار کے تین کروڑ موقعے تشکیل دینے کا ہدف طے کیا ہے اور دو کروڑ سے زیادہ موقعے گاؤوں میں تشکیل پاچکے ہیں، جس کے سبب سماج اور کنبوں میں یکسر تبدیلی آرہی ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ مرکز اور ریاست دونوں کا ہی مشترکہ مقصد ہے۔ انہوں نے اشارہ دیا کہ مُدرا، ڈرون دیدی، بیمہ سکھی اور بینک سکھی جیسی اسکیموں سے روزگار اور خود روزگاری کے موقعوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔×

**IAF- Farewell**

بھارتی فضائیہ نے آج چنڈی گڑھ میں مِگ-21 طیاروں کو خیرباد کہا۔ اس طیارے نے 6 دہائیوں سے زیادہ عرصے تک ملک کیلئے خدمات انجام دیں۔ اس طیارے کو وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور سینئر افسران کی موجودگی میں خدمات سے ہٹایا گیا۔

ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے اس طیارے کی آخری پرواز کی، جس کیلئے انہوں نے بادل-3 سگنل دیا۔ مگ-21 طیارے کو بھارت-چین جنگ کے بعد 1963 میں بھارتی فضائیہ میں شامل کیا گیا تھا۔ یہ آواز سے تیز رفتار سے سفر کرنے والا ملک کا پہلا جنگی طیارہ ہے۔

اس طیارے نے 1965 اور 1971 کی بھارت-پاک جنگ میں ایک فیصلہ کُن کردار ادا کیا تھا۔ اس طیارے نے پاکستانی فضائیہ کو زبردست نقصان پہنچایا تھا۔

**SB - Rajnath**

**Prez-Geoscience Award**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں، راشٹرپتی بھون کے ثقافتی مرکز میں 2024 کے قومی جیو سائنس ایوارڈز عطا کئے۔ یہ ایوارڈز جیو سائنس کے میدان میں ملک کے سب سے قدیم اور باوقار ایوارڈز ہیں۔

ایوارڈ یافتگان کو مبارک باد دیتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ ایوارڈز، جیو سائنس کے میدان میں کاربند رہنے، اختراع اور مہارت کے صلے میں دیئے جاتے ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ معدنیات میں انسانی تمدن کے فروغ میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے اور صنعتوں کیلئے بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

صدرجمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ صنعتکاری کا کوئلے اور لوہے کے بغیر تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

**Byte: President**

**Seva Parv-Internet**

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی

کے زیر قیادت حکومت، تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں اِس بات کا ذکر کررہے ہیں کہ کس طرح مودی حکومت نے کنکٹی وٹی کو، انٹرنیٹ انقلاب کے ذریعہ گاؤوں، شہروں اور پورے بھارت میں لوگوں کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنے کیلئے استعمال کیا۔

**Capsule**

*پورے بھارت میں یکسر تبدیلی لائی جارہی ہے، جس کے تحت تیز رفتار براڈ بینڈ اور اگلے دور کے موبائل نیٹ ورکس فراہم کرائے گئے ہیں۔ اس کے پیچھے بھارت-نیٹ پروجیکٹ کارفرما ہے، جس کے ذریعہ ایک طرح کی ڈیجیٹل شاہراہ تعمیر کی گئی ہے۔ یہ ڈیجیٹل نیٹ ورک 2 لاکھ 18 ہزار سے زیادہ گرام پنچایتوں تک پہنچ چکا ہے۔ اس کیلئے تقریباً 7 لاکھ کلو میٹر طویل آپٹیکل فائبر کیبل بچھایا گیا ہے، جس کی وجہ سے ای-حکم رانی، تعلیم اور چھوٹے پیمانے کے کاروبار کیلئے راستے کھل گئے ہیں، جبکہ یہ کبھی دور دراز کے علاقے سمجھے جاتے تھے۔ بہار میں پانچ سال پہلے آپٹیکل فائبر انٹرنیٹ پروجیکٹ کا آغاز کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا کہ گاؤوں میں، شہروں سے زیادہ انٹرنیٹ صارفین موجود ہوں گے، لیکن آج یہ ایک حقیقت بن گئی ہے۔*

***S/B- Modi Internet***

*نریندر مودی حکومت کے تحت بھارت، موبائل ڈیٹا کیلئے دنیا کا سب سے کم خرچ ملک بن کر اُبھرا ہے۔×*

**Ind-EU Trade Agreement**

اِٹلی کے نائب وزیراعظم Antonio Tajani نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ جلد مکمل کرنے کیلئے اپنے ملک کی حمایت کی تصدیق کی ہے۔

نیویارک میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور کامرس کے وزیر پیوش گوئل کے ساتھ ملاقات کے بعد اِٹلی کے نائب وزیراعظم نے کہا کہ اٹلی اور بھارت کے درمیان کلیدی ساجھیداری ہے۔

اِدھر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے بحرِ روم، مغربی ایشیاء، یوکرین اور بھارت-بحرالکاہل خطے کے حالات پر تبادلہ خیال کیا۔×

**Jaishankar G20 FMM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ جو ممالک دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں وہ بین الاقوامی برادری کی خدمت کر رہے ہیں۔ نیویارک میں G20 کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں آپریشن سندور کا کیس پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ دنیا کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کو بالکل برداشت نہ کرنے کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ وزیر خارجہ نے پابندیوں کے اطلاق کے تعلق سے دنیا کے دوہرے معیار پر نکتہ چینی بھی کی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پابندیوں سے سپلائی، Logistics میں خلل پیدا ہوتا ہے اور خرچ میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے ملکوں پر دباؤ پڑتا ہے۔

ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ توانائی، خوراک اور کیمیائی کھاد کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے کس طرح امن اور ترقی دونوں کو نقصان ہوا ہے، جس سے خاص طور پر گلوبل ساؤتھ یعنی خطۂ جنوب کے ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ممالک متاثر ہوئے ہیں۔×

**Trump-Israel**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ اسرائیل کو، مغربی کنارے کو اپنا حصہ نہیں بنانے دے گا۔ جناب ٹرمپ نے یہ حیرت انگیز رائے زنی کل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کی، جبکہ اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو، آج نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرنے کیلئے امریکہ پہنچیں گے۔ حال ہی میں کئی ملکوں کی طرف سے، فلسطین کو باقاعدہ تسلیم کئے جانے کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی حالیہ سربراہ میٹنگ کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوگیا تھا۔

ٹرمپ کی یہ تازہ ترین رائے زنی اسرائیلی حکومت کیلئے چونکا دینے والی ہے۔×

**Asia-India Sri Lanka**

ایشیاء کپ ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام دبئی میں سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ یہ میچ رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔

بھارت پہلے ہی فائنل کیلئے کوالیفائی کرچکا ہے، جبکہ سری لنکا فائنل کی دوڑ سے باہر ہوچکا ہے۔

اتوار کے روز فائنل میں بھارت اور پاکستان آمنے سامنے ہوں گے۔ کل رات کھیلے گئے میچ میں پاکستان، بنگلہ دیش کو 11 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گیا۔×

**PM-Manmohan Singh**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے عوامی زندگی میں اُن کے طویل عرصے کے دوران ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر سنگھ کے رول کو یاد کیا۔×

**Leh-Situation**

لیہہ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل نے لداخ کے لیہہ میں اِس مہینے کی 24 تاریخ کو ایک اَلمناک واقعے میں چار افراد کی موت ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں مذکورہ کونسل کے چیف ایگزیکیٹو کونسلر نے کہا ہے کہ اس واقعے کو Gen Z انقلاب کا نام دے کر بعض افواہیں پھیلائی جارہی ہیں۔ کونسل نے اس طرح کی رائے زنی کو گمراہ کُن قرار دیا ہے اور یہ بات دُہرائی ہے کہ سرکار نے لوگوں کی اُمنگوں کی حفاظت کیلئے آئینی تحفظ کا یقین دلایا ہے اور لداخ کے رہنماؤں کو مذاکرات کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔×

**Coal-PLR**

کوئلے کی وزارت کے تحت سرکاری ملکیت کے کول اَنڈر ٹیکنگ نے اپنے غیر ایگزیکیٹو کارکنوں کیلئے کارکردگی سے وابستہ ایک لاکھ 3 ہزار روپے کے ریوارڈ کا اعلان کیا ہے۔ وزارت کے مطابق مذکورہ انعام سے کول انڈیا لمیٹڈ، اِس کے ذیلی اداروں اور سِنگرینی Collieries کمپنی لمیٹڈ میں دو لاکھ سے زیادہ غیر ایگزیکیٹو کیڈر کے ملازمین کو فائدہ ہوگا۔ وزارت نے بتایا ہے کہ یہ رقم Pro-Rata بنیاد پر دی جائے گی اور اِس کا انحصار ملازمین کی حاضری پر ہوگا۔ اُس نے کہا ہے کہ کارکردگی سے وابستہ ریوارڈ کا مقصد غیر ایگزیکیٹو کارکنوں کے اہم رول کو تسلیم کرتے ہوئے تہواروں کے سیزن کے دوران انہیں راحت فراہم کرنا ہے۔×

**J&K-World Tourism Day**

جموں کے سیاحتی محکمے نے کل سیاحت کے عالمی دن کے موقع پر مانسر، پٹنی ٹاپ، بسوہلی، راجوری اور کٹرا میں تقریبات کے انعقاد کی تیاریاں کرلی ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِن تقریبات میں جموں کی مالا مال ثقافت اور قدرتی وراثت کو، پینٹنگ اور نعرے تحریر کرنے کے مقابلے، ماحول کی بہتری کیلئے چہل قدمی اور مقامی فنکاروں کی کارکردگی پیش کی جائے گی۔×

**Nadda Food Safety**

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈا نے زور دے کر کہا ہے کہ سب کیلئے خوراک کی یقینی فراہمی محض عمل درآمد کیلئے نہیں ہے بلکہ اس مقصد خوراک کے عالمی نظام میں اعتماد سازی بھی پیدا کرنا ہے۔ جناب نڈا نے یہ بات آج نئی دلّی میں FSSAI کے خوراک سے متعلق عالمی ضابطہ جاتی اداروں کی سربراہ میٹنگ 2025 کے تیسرے ایڈیشن کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆